## الطاف حسین کی جانب سے 6 دسمبر کو سندھی ٹوپی کے تحفظ اور عظمت کے طور پر منائے جانے والے دن کی مکمل اور بھرپور حمایت کا اعلان

## سندھی ٹوپی اور اجرک سندھ دھرتی کی ہزاروں سال پرانی ثقافت اور تہذیب کی علامت ہیں اور سندھ کا ہر فرد اپنی ثقافت سے جذباتی لگاؤ رکھتا ہے۔الطاف حسین

## قومی یکجہتی کا تقاضہ ہے کہ ملک کے تمام شہری اپنی اپنی ثقافت سے پیار کرنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کی ثقافت کا بھی احترام کریں اور کوئی ایسی بات نہ کہیں جس سے کسی بھی نسلی یا لسانی اکائی کے جذبات کو ٹھیس پہنچے

لندن ۔۔۔ یکم، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے 6 دسمبر کو سندھی ٹوپی کے تحفظ اور عظمت کے طور پر منائے جانے والے دن کی مکمل اور بھرپور حمایت کا اعلان کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سندھی ٹوپی اور اجرک سندھ دھرتی کی ہزاروں سال پرانی ثقافت اور تہذیب کی علامت اور پہچان ہیں اور سندھ دھرتی کا ہر فرد اپنی اس ثقافت سے جذباتی لگاؤ رکھتا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جس طرح ملک کے دیگر صوبوں اور علاقوں میں بسنے والوں کی اپنی اپنی زبانیں اور اپنی اپنی علاقائی ثقافت ہے اسی طرح سندھ دھرتی کی بھی اپنی ثقافت ہے،قومی یکجہتی کا تقاضہ ہے کہ ملک کے تمام شہری خواہ وہ کسی بھی شعبہء زندگی سے تعلق رکھتے ہوں وہ اپنی اپنی ثقافت سے پیار کرنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کی ثقافت کا بھی احترام کریں اور کسی بھی انداز میں کوئی ایسی بات نہ کہیں جس سے کسی بھی نسلی یا لسانی اکائی کے جذبات کو ٹھیس پہنچے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم 6 دسمبر کو سندھی ٹوپی کے تحفظ اور عظمت کے طور پر منائے جانے والے دن کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور سندھ دھرتی کے عوام ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور بچوں سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔

## آلائشیں ٹھکانے لگنے پر سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی کے افسران وخاکروبوں کو الطاف حسین کا خراج تحسین

کراچی ۔۔۔ یکم، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے جناب الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر آلائشیں ٹھکانے لگانے پر سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی اور تمام ٹاؤنوں کے افسران اور دیگر عملے بشمول خاکروبوں کو ان کی شاندار کارکردگی پر شاباش اور زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔پیر کی شب نذیر حسین میڈیکل یونیورسٹی میں ایم کیو ایم کے ذمہ داران، کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں سے خطاب کے دوران جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں آپ کی اس شاندار کارکردگی اور فرائض کی ادائیگی سے بڑی تعداد میں آلائشیوں کا ٹھکانے لگانے اور شہر کو صاف ستھرا رکھنے پر دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔انہوں نے حیدرآباد ڈسٹرکٹ گورنمنٹ تعلقہ انتظامیہ، افسران اور خاکروبوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

## سوات میں عوامی نیشنل پارٹی کے رکن اسمبلی ڈاکٹر شمشیر کے حجرے میں خودکش دھماکہ کا نوٹس لیا جائے، الطاف حسین

## معصوم شہریوں کو دہشت گردی اور بم دھماکوں کا نشانہ بنانے والے دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے

لندن ۔۔۔ یکم، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سوات کے علاقے کبل میں عوامی نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر شمشیر کے حجرے میں خودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور خودکش حملے کے نتیجے میں ڈاکٹر شمشیر کے شہید اور ان کے بھائی سمیت 15 افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر ڈاکٹر شمشیر کے حجرے میں خودکش دھماکہ کرنے والے طالبان دہشت گرد مسلمان تو کیا انسان بھی کہلانے کے مستحق نہیں۔انہوں نے کہا کہ سفاک دہشت گرد خودکش دھماکوں اور دہشت گردی کے ذریعے بے گناہ عوام کو خاک وخون میں نہلا کر دنیا بھر میں مسلمانوں کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں جو ملک غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں اور حجرے میں خودکش دھماکہ اس سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری

،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروزیراعلیٰ سرحدامیر حیدرخان ہوتی سے مطالبہ کیا کہ سوات میں عوامی نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹرشمشیر کے حجرے میں خودکش بم دھماکے کاسختی سے نوٹس لیاجائے ،معصوم لوگوں کی جانوں کے ضیاع کوروکنے کیلئے مزیداقدامات کئے جائیں اوردہشت گردوں کا خاتمہ کرکے عوام کی جان و مال کوتحفظ فراہم کیاجائے ۔انہوں نے ڈاکٹرشمشیرشہید کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔انہوں نے زخمی افراد کیلئے عوام سے خون کے عطیات دینے کی اپیل کی اورتمام زخمیوں کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعابھی کی ۔

## ملک بھرکےعوام نے ایم کیوایم کی فلاحی خدمات کااعتراف کرتے ہوئے جانوروں کی کھالیں عطیہ کیں،سلیم شہزاد
## جماعت اسلامی،ایم کیوایم پرکھالیں چھیننے کےجھوٹے الزامات عائدکرکےاپنے دل کےپھپھولے پھوڑرہی ہے
## جماعتی رہنماءاپنےسیاہ کرتوتوں کے باعث ملک بھرمیں عوامی حمایت سےمحرومی اوردنیابھرمیں ذلت ورسوائی کامنہ دیکھ رہے ہیں

لندن۔۔۔یکم دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے جماعت اسلامی کے نائب امیر پروفیسرغفوراحمداور دیگر جماعتی رہنماؤں کی جانب سے ایم کیوایم پر بہتان تراشی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہاہے کہ جماعتی رہنماءاپنےعوام دشمن رویوں کی اصلاح کرنے کے بجائے ایک مرتبہ پھرروایتی منافقت کامظاہرہ کررہے ہیں ۔ایک بیان میں سلیم شہزاد نے کہاکہ گزشتہ کئی برسوں سے کراچی سمیت ملک بھرکےعوام نے جماعت اسلامی کویکسرنظرانداز کررکھا ہےاور ہرعام انتخابات میں جماعت اسلامی کےامیدواروں کوووٹ نہ دیکراس نام نہادمذہبی جماعت سے بےزاری کااظہار کیاہے ۔انہوں نے کہاکہ ہرسال کی طرح اس سال بھی عیدالاضحیٰ کے موقع پرکراچی سمیت سندھ کےعوام نے جماعت اسلامی کومسترد کردیااورایم کیوایم کی فلاحی خدمات کااعتراف کرتے ہوئےقربانی کے جانوروں کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کوعطیہ کیں جس پرحسب روایت جماعتی رہنماؤں کوآگ لگی ہوئی ہےاوروہ ایم کیوایم پرکھالیں چھیننے کےجھوٹے الزامات عائدکرکےاپنے دل کےپھپھولے پھوڑرہے ہیں ۔سلیم شہزاد نے کہاکہ ایک جانب جماعت اسلامی کے رہنماءیہ دعویٰ کررہے ہیں کہ انہیں ریکارڈکھالیں ملی ہیں جبکہ دوسری جانب وہ ایم کیوایم پرکھالیں چھیننے کےجھوٹے الزامات لگاکرخوداپنی جگ ہنسائی کررہی ہے ۔انہوں نے جماعت اسلامی کے رہنماؤں کی جانب سے یونس بارائی پرحملہ کےالزام پرتبصرہ کرتے ہوئے کہاہے کہ ایک جانب جماعت اسلامی کے ترجمان اخبار میں دعویٰ کیاگیا ہے کہ ''ملزمان نے یونس بارائی پرفائرنگ کردی جس کے نتیجے میں وہ زخمی ہوگئے'' جبکہ آج ہی جماعتی رہنماؤں نے اپنی پریس کانفرنس میں کہاہے کہ ''ایم پی اے محمد یونس بارائی کوروک کراغواء کرنے کی کوشش کی گئی اورتشددکانشانہ بنایا''۔انہوں نے کہاکہ ایک مؤقف پر جماعت اسلامی کے ترجمان اخباراور جماعتی رہنماؤں کے بیانات میں کھلا تضاداس بات کاثبوت ہے کہ جماعتی رہنماءعوام کوگمراہ رہے ہیں ۔انہوں نے مزید کہاکہ اس سے قبل جماعت اسلامی کی جانب سےان کے کارکن نذیرساجد کےقتل کاالزام ایم کیوایم کےسرتھوپنے کی کوشش کی تھی لیکن نذیرساجد کےقتل میں ملوث حقیقی دہشت گردکی گرفتاری اوراعترافی بیان سے یہ حقیقت ملک بھرکےعوام میں آشکارہوگئی ہے کہ جماعت اسلامی انتہاءپسنددہشت گردوں کےساتھ ساتھ جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی بھی سرپرستی کررہی ہےاورحقیقی دہشت گردوں کے ذریعہ اپنے کارکنان کےقتل میں بھی ملوث ہیں ۔سلیم شہزاد نے پروفیسرغفوراحمد سمیت تمام جماعتی رہنماؤں کومشورہ دیا کہ وہ متحدہ قومی موومنٹ پر بہتان تراشی کے بجائے اپنے سیاہ کرتوتوں کی اصلاح کرےجن کے باعث جماعت اسلامی ملک بھرمیں عوامی حمایت سےمحرومی اوردنیابھرمیں ذلت ورسوائی کامنہ دیکھ رہی ہے ۔

## جاویدساجدکی شہادت اورمحمداکبرکےانتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن۔۔۔یکم،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن جاویدساجدکی شہادت اورایم کیوایم محمودآبادسیکٹر کے کارکن محمداکبر کےانتقال پرگہرے رنج وغم کااظہارکیاہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاویدساجداورمحمداکبر کےتمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کااظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہاہے کہ میں اورایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کےغم میں برابر کےشریک ہیں ۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاویدساجدشہیداورمحمداکبرمرحوم کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائےاورسوگواران کویہ صدمہ برداشت کرنے کاحوصلہ دے ۔(آمین)

## عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کرنے پر سٹی ناظم مصطفیٰ کمال، نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز اور سٹی گورنمنٹ اور ٹاؤن کے عملے کو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کا زبردست خراج تحسین

## عیدالاضحیٰ کے موقع پر مئوثر اقدامات کرنے پر حیدرآباد کے ڈسٹرکٹ ناظم کنور نوید جمیل، نائب ناظم ظفر راجپوت اور حیدرآباد، لطیف آباد میرپورخاص، سکھر اور نوابشاہ کے حق پرست تعلقہ ناظمین اور نائب ناظمین کو بھی خراج تحسین مئوثر اقدامات کی بدولت بڑے پیمانے پر قربان کئے جانے کے باوجود کہیں بھی آلائشیں اور کچرے کے ڈھیر نظر نہیں آئے جس کا برملا اعتراف شہر کے عوام اور ملک کے تمام سیاسی، سماجی ثقافتی شخصیات بھی کر رہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔ یکم، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہر میں صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کرنے پر ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، نائب ناظمہ کراچی محترمہ نسرین جلیل، ٹاؤن ناظمین، ٹاؤن نائب ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز اور سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ اور ٹاؤن کے پورے عملے کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ماضی میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر کراچی شہر میں کئی کئی دن تک الائشیں اور کچرے کے ڈھیر شہر بھر کے کچرا کنڈیوں، سڑکوں اور گلیوں میں پڑے رہتے تھے جس کے باعث شہر میں آلودگی پھیلی رہتی تھی اور شہریوں کو مختلف پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا تھا لیکن حق پرست شہری حکومت کے آنے کے بعد عیدالاضحیٰ کے موقع پر آلائشیں اٹھانے اور ٹھکانے لگانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر جو موثر اور بہترین اقدامات کیے جا رہے ہیں اور گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی نے صفائی ستھرائی کیلئے موثر اقدامات کئے گئے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی میں عیدالاضحیٰ کے تینوں دنوں کے دوران تقریباً ساڑھے 6 لاکھ سے زائد جانوروں کی قربانی کے باوجود شہر میں کہیں بھی آلائشیں اور کچرے کے ڈھیر نظر نہیں آئے۔ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ اور ٹاؤن کا عملہ انہیں فوری طور پر اٹھا کر ٹھکانے لگاتا رہا جس کا برملا اعتراف شہر کے عوام ہی نہیں بلکہ مختلف سیاسی، سماجی، ثقافتی تنظیموں کے نمائندگان اور ادارے کر رہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ الائشوں کو دفن کرنے سے شہر کا ماحول آلودہ نہیں ہوا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ہم عید الاضحیٰ کے موقع پر شہر میں صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کرنے پر سٹی ناظم مصطفیٰ کمال، سٹی نائب ناظم محترمہ نسرین جلیل، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز اور سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ اور تمام ٹاؤنز کے پورے عملے کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر مئوثر اقدامات کرنے پر حیدرآباد کے ڈسٹرکٹ ناظم کنور نوید جمیل، ڈسٹرکٹ نائب ناظم ظفر راجپوت اور حیدرآباد، لطیف آباد، میرپورخاص، سکھر اور نوابشاہ کے حق پرست تعلقہ ناظمین اور نائب ناظمین کو بھی ان کی بہترین کارکردگی پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔

## ایم کیو ایم اورنگی سیکٹر کے کارکن جاوید ساجد شہید کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔ یکم، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن جاوید ساجد کو مسلح موٹر سائیکل سوار جرائم پیشہ افراد کی جانب سے فائرنگ کر کے شہید کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ جاوید ساجد کے قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض قوتیں شہر کا امن خراب کرنے کیلئے جرائم پیشہ افراد کو استعمال کر رہی ہے جو ایم کیو ایم کے معصوم کارکنان کو فائرنگ کا نشانہ بنا رہے ہیں اور جاوید ساجد کا قتل بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد ایم کیو ایم کے ہمدرد عوام کو مشتعل کر کے شہر کا امن خراب کرنا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ جاوید ساجد کے قتل کا نوٹس لیا جائے اور شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے جاوید ساجد شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاوید ساجد شہید کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

## حکومت مہنگائی پر قابو پانے کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کا سلسلہ بند کرے، حق پرست اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔یکم، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے حکومت کی جانب سے ملک بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی شدید مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کا سلسلہ بند کرے، پیٹرولیم کی قیمتوں میں گزشتہ ایک سال کے دوران متعدد مرتبہ اتار چڑھاؤ سے غریب عوام پر مہنگائی کا بوجھ بڑھ رہا ہے، حکومت پیٹرولیم مصنوعات میں اضافہ کرتی ہے تو اس کا اثر ٹرانسپورٹ کرایوں، اشیاءِ خوردونوش اور دیگر روزمرہ استعمال کی چیزوں پر پڑھتا ہے جبکہ حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد بھی روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتیں مستحکم رہتی ہیں جس سے گزشتہ ایک سال کے دوران مہنگائی میں چار سو فیصد سے زائد تک اضافہ ہو چکا ہے جو غریب عوام کی برداشت سے باہر ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود ملک میں پیٹرویم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے غریب عوام کو ہی براہ راست متاثر ہو رہے ہیں، غریب عوام کی مالی مشکلات مزید بڑھیں گی جبکہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے ملک کی معیشت کی کمر توڑ دے گی۔ انہوں نے کہا کہ غریب عوام پہلے ہی مہنگائی، بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ اور بے روزگاری جیسے مسائل کا سامنا ہے، ایسی صورتحال میں حالیہ اقدام عوام کے معاشی قتل عام کے برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرویم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے صنعتی پیداوار بھی متاثر ہوگی اور اشیاءِ خوردونوش کی قیمتوں میں بھی مزید اضافہ ہو جائے گا۔ اراکین قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے اور مہنگائی کے خاتمے کیلئے ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## صحافیوں سے لوٹ مار اور تشدد کے واقعات کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔یکم، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صحافیوں سے لوٹ مار اور تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ صحافیوں پر تشدد اور لوٹ مار کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ روزنامہ جنگ کے ڈپٹی ایڈیٹر اور سینئر صحافی مدثر مرزا سے لوٹ مار، پیٹرول پمپ انتظامیہ کی جانب سے نجی ٹی وی چینل کے کیمرہ مین ظفر نقوی پر تشدد اور صحافی کامران شفیع کے گھر پر فائرنگ کے واقعات لمحہ فکریہ ہیں جس سے صحافی برادری میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صحافی عوام کے مسائل اجاگر کرنے کیلئے جان جوکھوں میں ڈال کر صحافتی ذمہ داریاں ادا کرتے ہیں جبکہ صحافیوں کے ساتھ سرعام لوٹ مار، انہیں تشدد کا نشانہ بنانے اور انہیں دھمکیاں دینے کا عمل آزادیٔ صحافت پر حملہ ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صحافیوں سے لوٹ مار گھر پر فائرنگ اور تشدد کے واقعات کا نوٹس لیا جائے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر اطلاعات شازیہ مری سے مطالبہ کیا ہے کہ صحافیوں سے لوٹ مار، تشدد میں ملوث افراد کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے اور صحافیوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم محمود آباد سیکٹر کے کارکن محمد اکبر، ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 145 کے کارکن جمال کی والدہ خورشیدہ بیگم، ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 123 کے کارکنان عمران اور ریحان کی والدہ نسیم بانو، ایم کیو ایم اورنگی سیکٹر یونٹ 118-A کے کونسلر محمد سعید عارف کے والد محمد عثمان غنی، ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 163 کے کارکن شیخ قمر احمد کی والدہ اختری بیگم، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 157 کے کارکن نسیم علی خان کے والد احمد علی خان، ایم کیو ایم کلفٹن ڈیفنس سیکٹر کمیٹی کے رکن سلمان چاند کے والد محمد جمیل چاند، ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر منگھوپیر یونٹ کے کارکن نعیم کے والد محمد یوسف اور اے پی ایم ایس او سیکٹر بی فائیو ایل ڈگری کالج یونٹ کمیٹی کے رکن عمر کی والدہ نور جہاں کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆